تعارف

indefinite tense کو simple tense بھی کہا جاتا ہے اور یہ تین طرح کے ہوتے ہیں جیسے

present indefinite tense یا present simple tense

past indefinite tense یا past simple tense

future indefinite tense یا future simple tense

اگر ہم verb کے ناموں پر نظر ڈالیں تو وہ یہ ہیں

Present (go)

3rd person singular (goes)

Past (went)

Past participle (gone)

Present participle (going)

انہیں ناموں پر غور کرنے سے ہمارے زیادہ تر مسائل از خود حل ہو جاتے ہیں اور ہمیں پتا چل جاتا ہے کہ present میں helping verb کی بھی پہلی یا present فارم استعمال ہوگی۔ اور tenses کے پہلے chapter میں اس بات کی وضاحت کر دی گئی ہے کہ verb کی پہلی فارم اپنے function کے اعتبار سے indefinite کہلاتی ہے جبکہ دُوسری فارم past indefinite plus ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ past indefinite کے مثبت یعنی plus جملوں کے ساتھ لگائی جاتی ہے اور future میں will یا shall لگانے سے future indefinite tense کے helping verb بن جاتے ہیں۔

present indefinite میں he، she، it اور singular noun کیساتھ main verb میں s یا es کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ جیسے he feels، she thinks وغیرہ۔ اور جب جملے کو negative یا interrogative بنایا جاتا ہے تو وہی s یا es verb کی بجائے do کیساتھ لگ جاتا ہے اور do کو does بنا دیتا ہے۔

past indefinite میں did کو helping verb کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اور do اور does کی طرح did بھی negative یا interrogative میں ہی استعمال ہوتا ہے اور did کی موجودگی میں verb کی پہلی اور غیر موجودگی میں دُوسری فارم استعمال ہوتی ہے۔ جیسے he came. اور he did not come.

do، does اور did کا استعمال اُن جملوں میں بھی کیا جاتا ہے جو negative یا interrogative نہیں ہوتے۔اور اگر ان کا استعمال negative یا interrogative میں بھی ہو تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ آپ اپنی بات کو زور دے کر کہہ رہے ہیں۔اس کے لئے نیچے مثالیں ملاحظہ کریں۔

سادہ جملے

I understand what you are talking about.

He understands what you are talking about.

I understood what you were talking about.

جب بات پر زور دے کر کہا جاتا ہے

I do understand what you are talking about.

He does understand what you are talking about.

I did understand what you were talking about.

منفی (negative) جملے

I don’t understand what you are talking about.

He doesn’t understand what you are talking about.

I didn’t understand what you are talking about.

future indefinite میں shall یا will کو helping verb کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔shall کا استعمال I اور we کیساتھ کیا جاتا ہے جبکہ will کا استعمال باقی تمام subjects کے ساتھ کیا جاتا ہے۔shall کے اس کے علاوہ بھی بہت سے استعمال ہوتے ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

1. shall کو مضبوط ارادہ ظاہر کرنے کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے جیسے

You shall pay for this

(تمہیں اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔)

2. shall کو اُس وقت بھی استعمال کیا جاتا ہے جب کہنے والا یقینی کیفیت میں کوئی بات کر رہا ہو جیسے

Good days shall come.

(اچھے دن ضرور آئیں گے۔)

3. shall کا استعمال یہ بھی ظاہر کرتا ہے کہ کسی کام کو مجبوراً کرنا پڑے گا جیسے

You shall be here by 8 o'clock tomorrow.

(تمہیں کل آٹھ بجے یہاں ہونا ہے۔)

4. shall مستقبل کے حوالے سے غیر یقینی کیفیت کا اظہار بھی کرتا ہے۔

I don't think I shall ever see good days again.

(میرا نہیں خیال کہ میں اچھے دن دیکھ پاؤں گا۔)

Copyright © All Rights Reserved

This pdf version is the property of **bslearning.com**